دیوان غفاریہ

شاعری

حضرت محمد عبد الغفار رح

(المعروف پیر مٹھا)

از

دیدۂ دل

روضہ مبارک حضرت پیر مٹھا رحمۃ اللہ علیہ

دیوانِ غفاریہ

منظوم کلام مبارک

صاحب الفضل والفضیلۃ' صاحب الجمال والکمال خواجۂ

خواجگان حضرت خواجہ

محمد عبدالغفّار فضلی

مجددی نقشبندی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

(المعروف پیر مٹھا)

صاحبزادہ محمد دیدۂ دل غفاری

نواسۂ حضور پیر مٹھا رحؒ

سجادہ نشین درگاہ غریب آباد شریف' لاڑکانہ

Cell:0300-3411774 – E-mail:deedahdil@gmail.com

نام کتاب	:	دیوانِ غفاریہ
منظوم کلام	:	قطبِ عالم حضرت پیر مٹھا رحمۃ اللہ علیہ
مرتب و ناشر	:	صاحبزادہ محمد دیدہ دل غفاری
معاون	:	پیر کرم اللہ الاھی
اشاعت اول	:	نومبر 2011ء
تعداد	:	پانچ ہزار
کمپوزنگ	:	عبدالرحیم نظامانی طاہری سوئڈین یورپ
پرنٹر	:	پی کاک پرنٹرز، کراچی 0300-2152634
ناشر	:	ادارہ قلبی خدمات، 0300-3411774
ہدیہ	:	

ملنے کے پتے:

درگاہ رحمت پور شریف لاڑکانہ سندھ

درگاہ اللہ آباد شریف کنڈیارو سندھ

درگاہ غریب آباد شریف لاڑکانہ سندھ

درگاہ حسین آباد شریف قمبر سندھ

درگاہ فضل آباد شریف ماتلی

درگاہ مسکین پور شریف شہداد کوٹ

دربار پیر مٹھا بچیکی، لاہور، پنجاب

دربار حبیبیہ سٹاواں کوٹ ادو، پنجاب

درگاہ نور پور شریف، گمبٹ، سندھ

انتساب

یہ ناچیز اپنی اس کاوش کو ایک ایسی عظیم ہستی سے منسوب کر رہا ہے جنہوں نے صاحب دیوان قبلہ نانا جان کی پر شفقت آغوش میں پرورش پائی اور اپنی زندگی کا ایک بڑا حصہ حضرت پیر مٹھا ؒ کے سنگ بسر کیا۔ وہ ہستی حضرت قبلہ پیر مٹھا ؒ کی سب سے چھوٹی ناز و نعم میں پلنے والی لخت جگر لاڈلی صاحبزادی میری امی جان المعروف "اماں بی بی" ہیں۔ ان کی سیرت وصورت کے لئے بس اتنا ہی کہنا کافی ہے کہ میں نے ان کو بسیرت وبصورت ہو بہو حضرت پیر مٹھا ؒ پایا ہے۔

وہ ان فیوض وبرکات، انوار و تجلیات، اعلیٰ تعلیمات کی امین ہیں جو ان کو اپنے بابا حضورؒ سے ورثہ میں ملیں۔

جن کی صحبت کاملہ کی فیوض وبرکات سے بیشمار گمراہ، غافلہ، فاسقہ، خواتین، ذاکرہ، عابدہ، صالحہ ہو گئیں ہیں۔

وہ میرے جیسے بے آب وگیاہ تپتے ہوئے صحرا میں چلنے والے مسافر کے لئے شجر سایہ دار ہیں نہ صرف میرے لئے بلکہ پورے جماعت غفاریہ کے لئے ابر رحمت باراں کا درجہ رکھتی ہیں۔

تمام قارئین کو آپ کی صحت عافیت اور درجات کی بلندی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

فہرست

صاحبِ جمال وکمال حضرت سائیں عبدالغفار دامت برکاتہم
المعروف پیر مٹھا ثانی

شاعری ایک الہامی صنف ہے، جس میں شاعر اپنی دل کی آواز اوروں تک پہنچا تا ہے۔ان کی دو قسم ہے ،ایک ہوتی ہے خوامخواہ، فرسودہ جسکو قرآن پاک میں غاوٗن کہا گیا ہے، اور دوسری ہے الہامی جو خالق حقیقی مالک کائنات کا حمد اور محبوب رب کائنات آنحضورﷺ کی شان میں مولود یا نعتیہ انداز میں تعریف کی جائے۔

حمد میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کی گئی ہے چونکہ قرآن پاک میں کہا گیا ہے کہ

والذین اٰمنوا اشد حباللہ

مومن کامل اس محبت کا اظہار حمد میں کرتا ہے عجز وانکساری کے ساتھ، جیسے حضرت پیر مٹھا سائیں قدس سرہ اپنے حمدیہ اشعار میں باری تعالیٰ کے حضور یوں گویا ہوئے

لاریب توں ساڈا خدا تیڈے سوا بیا کون ہے

اور نعت رسول مقبولﷺ کی تعریف وتوصیف میں یوں بتایا گیا ہے

تحت العرش کنز مفاتیحھا السنة الشعراء

یہ وہ عرشی پیغام ہے جو حضرت حسان رضی اللہ عنہ سے لیکر حضرت رومی، جامی، نظامی، سعدی، مخدوم مروندی، خواجہ غلام فرید، شاہ بھٹائی اور حضرت پیر پیران قیوم الزماں مرشدی وجدی محمد عبدالغفار رحمہم اللہ علیہم اجمعین تک دیتے آئے ہیں اور عشاق قیامت تک یہ عشق کا پیغام عوام الناس تک پہنچاتے رہیں گے۔

مگر دور حاضر میں حضرت پیر مٹھا سائیں رحمۃ اللہ علیہ کا کلام صاحب سلوک اور عام انسان میں ایسا تو مقبول ومحبوب ہے جو سندھ پنجاب، بلوچستان اس کا ہر آدمی اس کو پڑھتا اور لطف لیتا رہتا ہے آپ کے کلام میں وہ سوز، گداز، محبت اور الفت سموئی ہوئی ہے جو اب بھی سننے والے پر کیفیت طاری کر دیتی ہے۔

آپ کے کلام میں عشق مصطفیٰ، محبت پیر، پند ونصائح اور اعتقادی مسائل پر آپ نہ ایسا تو لاجواب کہا ہے جس کا مثال مشکل ہے

آپ ﷺ کی محبت میں آپ نے یوں فرمایا

جیکر چاہیں احد کوں ملناں احمد نام پکیندی رہ
جتھاں جو ڈیکھیں نام محمد چم چم اکھیاں تے لیندی رہ

اور بارگاہ رسالت میں یوں بھی التجا کی

اے ظل عطا کان حیا وعدو پجا تونڑیں جھٹ گھڑی
فخرلقا، چہرہ ڈکھا کڈیں پھیرا پا تونڑیں جھٹ گھڑی

سلوک اور شان مرشد کریم پہ کہنا تو آپ سے سیکھے

نا چھوڑ فضل دا درڑی
ہیں درتی توں ونج مرڑی

بہرحال من کل الوجوہ حضرت پیر مٹھا کا کلام بے مثال اور دلچسپ ہے، آپ کا کلام پڑھ کر ہی قاری اندازہ کر سکتا ہے۔

مجھے یہاں صرف چند الفاظ لکھنے تھے ورنہ آپ کے کلام کی تعریف میں الگ سے کتاب لکھنے کی ضرورت ہے۔

برادرِ محترم محمد دیدہ دل آپ کے کلام کو جمع، مرتب اور اشاعت کے لیے کمر ہمت باندھی ہے اللہ تعالیٰ آپ کو اسی خدمت کے طفیل دین و دنیا کی نعمتوں سے مالا مال فرمائے اور ہر پڑھنے والے کو آپ کے کلام کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

[illegible]

30.10.2011

حضرت قبلہ سیدی و مرشدی محبوب سجن سائیں دامت برکاتہم

اس جہان رنگ وبو میں ایک سے ایک بڑھ کر شخصیات آتی رہی ہیں اور آتی رہیں گی، ہر ایک نے ہر دور میں محفل سجائی ہے بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ کرۂ ارض پر سجائی گئی محفل میں اپنے، اپنے وقت پر کسی نہ کسی کو مرکزیت اور محبوبیت کا درجہ ملا ہے اور خلق خدا بے اختیار ان کی طرف کھنچتی چلی گئی ہے، البتہ ان کے اندر یہ کشش الگ الگ طرح کی ہے، کسی پر اس کے حسن کی وجہ سے لوگ وارفتہ ہوئے تو کسی کے سیرت کے گرویدہ ہوئے، کسی کے علم نے لوگوں کو متاثر کیا تو کسی کے اخلاق نے، کسی کے زور خطابت کی وجہ سے لوگ دیوانہ وار ان کی محفل میں جا پہنچے تو کسی کے انداز بیاں اور حسن ذوق نے اثر دکھایا۔ اس کائنات کی سجی سجائی محفل کے یہ پھول مختلف رنگ و بو لئے اپنی اپنی خوشبو سے لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرتے رہے لیکن خلاق اعظم نے کچھ ایسی ہستیاں بھی تخلیق فرمائیں جو گل نہیں گلدستہ تھیں اور ہیں۔ جنہیں نوازنے والے نے خوب نوازا اور بڑی فیاضی سے نوازا۔ ظاہر کا حسن، باطنی کمالات، حسن ذوق، حسن خیال بیک وقت کئی خوبیوں سے نواز دیئے گئے۔ میری نظر میں انہی جامع الکمالات ہستیوں میں سے ایک عظیم الشان شخصیت میرے پیر کے پیر، پیر روشن ضمیر، مجسمہ جمال وکمال، شاعر بے مثال، اپنے زمانے کے بہت بڑے مصلح، شریعت وطریقت کے بحر بیکراں حضرت خواجہ محمد عبدالغفار فضلی نقشبندی قدس سرہ بھی ایک ہیں۔ بیک وقت فطرت نے انہیں ظاہری حسن، باطنی کمالات، حسن ذوق، حسن خیال، نفاست، پاکیزگی جیسی خوبیوں سے نوازا تھا۔ جو ایک دفعہ انکا ہوا پھر زندگی بھر کسی اور کی طرف دیکھنے کے قابل ہی نہیں رہا۔

حضرت خواجہ پیر مٹھا رحمۃ اللہ علیہ تحصیل شجاع آباد نزد جلال کوٹ پیر والا گاؤں میں پیدا ہوئے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے والد مولانا یار محمد رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل کی۔ بعد ازاں مزید تعلیم کے لیے اوچ شریف میں مولانا امام دین صاحب کے ہاں تشریف لے گئے جو حضرت خواجہ پیر فضل علی قریشی رحمۃ اللہ علیہ کے معتقد تھے۔ کچھ کتابیں آپ نے اپنے بڑے بھائی مولانا محمد اشرف صاحب کے پاس پڑھیں۔ باقی تعلیم حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کے خلیفہ مولانا محمد عاقل رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل کی۔ حضرت خواجہ پیر مٹھا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ اس فقیر کا آبائی طریقہ قادری تھا۔ یہ عاجز شروع میں حضرت حافظ فتح محمد صاحب جلال پور پیر والا کا دست بیعت ہوا تھا۔ آپ عالم باعمل اور واعظ پر اثر تھے۔ آپ سخی، متوکل اور بے ریا انسان تھے۔ آپ کی وفات کے بعد بہت پریشانی ہوئی اور اس نعمت کے حصول کے لیے کافی کوشش کی۔ پنجاب کے اندر کافی گادیاں تھیں اور ظاہر میں تو

بڑا رعب تاب اور دبدبہ تھا لیکن جس بات کو میں ڈھونڈ رہا تھا کہ ایسا پیر ملے جس کے پاس شریعت وطریقت دونوں موجود ہوں وہ تلاش بسیار کے باوجود کہیں حاصل نہیں ہوئی۔

حضور پیر مٹھا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ میں نے حضرت حافظ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں دعا کے لیے عرض کی تھی آپ نے فرمایا تھا کہ میں تمہارے لیے وہ دعا مانگوں گا جس کا تجھے خود پتا چل جائے گا۔ یہ اس دعا کا اثر ہے کہ جس نے مجھے ولی کامل حضرت خواجہ پیر فضل علی قریشی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت اقدس میں پہنچایا۔

سندھ میں تبلیغ دین کی خاطر تشریف لانے کا واقعہ آپ نے یوں بیان فرمایا ہے کہ میرے پیر ومرشد محبوب الٰہی خواجہ فضل علی قریشی رحمۃ اللہ علیہ کا تبلیغی مشن پورے ملک میں پھیلا ہوا تھا اور اپنے خلفاء کو اپنی صوابدید پر ان کے خیالات اور صلاحیتوں کے مطابق مختلف علاقوں میں بھیجا کرتے تھے۔ فرمایا کہ ایک مرتبہ میں اور مولانا عبدالمالک صاحب آپس میں باتیں کر رہے تھے۔ دوران گفتگو مولانا عبدالمالک صاحب نے کہا میرا دل چاہتا ہے کہ کاش حضور پیر قریشی مجھے تبلیغ کے لیے ہندوستان بھیجیں کیونکہ ہندوستان میں اور علاقوں کے بنسبت اہل علم زیادہ ہیں۔ وہاں کے لوگ اس نعمت (روحانیت) کی قدر کریں گے۔ جس پر میں نے بھی انہیں بتایا کہ مولانا صاحب میری یہ تمنا ہے کہ حضور مجھے سندھ میں تبلیغ کا حکم فرمائیں تو بہت ہی اچھا ہو کیونکہ سندھی لوگ اللہ والوں کے بڑے عاشق ہیں۔

آپ جب سندھ میں تشریف فرما ہوئے تو اس وقت سندھ میں مسلمانوں کے دینی حالات عموماً ابتری کا شکار تھے۔ شہروں کے دنیادار، جدید تعلیم یافتہ اور بڑے لوگ شریعت مطہرہ کی پابندی کرنا اپنی کسر شان سمجھتے تھے۔ آپ اپنے بڑے خلیفۂ دست راست حضرت خواجہ سوہنا سائیں نوراللہ مرقدہٗ کے مشورے اور بے حد اصرار پر سندھ میں تشریف فرما ہوئے حقیقت یہ ہے کہ ہم سندھ والوں کے لیے حضور پیر مٹھا نوراللہ مرقدہ کی آمد اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی ایک بہت بڑی نعمت تھی جو کہ حضرت سوہنا سائیں نوراللہ مرقدہ کے صدقے نصیب ہوئی۔ حضرت سوہنا سائیں نوراللہ مرقدہٗ نے جماعت کے ساتھ مل کر کچے کے علاقے میں ''دین پور'' نامی بستی کی بنیاد رکھی اور اس طرح سندھ میں ایک روحانی درسگاہ بلکہ تربیت گاہ کا قیام عمل میں آ گیا۔ اسی کے ساتھ ہی بڑے ہی زور شور کے ساتھ تبلیغ کے کام کو وسعت دی گئی۔ جماعت میں دن دونی رات چوگنی ترقی ہوتی چلی گئی۔ لوگ جوق در جوق طریقہ عالیہ میں داخل ہونے لگے۔ سندھ کے کونے کونے میں آپ کا پیغام پہنچ گیا۔ باہر سے آنے والی جماعت کی سہولت کو مدنظر

رکھتے ہوئے لاڑکانہ کے قریب ''رحمت پور شریف'' کی بنیاد رکھی گئی۔ جس کے لئے حصول زمین کی مد میں اخراجات وغیرہ بالخصوص حضرت سہنا سائیںؒ نے ادا فرمائے، حضور پیر مٹھا رحمۃ اللہ علیہ کو سندھ کی دھرتی اتنی پسند آئی کہ آپ نے اس سے جدا ہونا گوارا نہ کیا اور آپ ارشاد فرماتے تھے کہ سندھ میں ہماری میخیں لگ گئی ہیں۔

حضور پیر مٹھا نور اللہ مرقدہ کو اللہ نے ایسا حسن وجمال عطا کیا تھا جس کو الفاظ بیان کرنے سے قاصر ہیں۔ آپ کے چہرہ انور، مہتاب منور کو الفاظ کا روپ دینے سے اس عاجز کی زبان اور قلم کو طاقت نہیں اور شاید ہی کسی کو اتنی ہمت ہو کہ لفظوں کے روپ میں اُس چودھویں کے چاند کو بیان کر سکے۔ آپ کا چہرہ انور جس نے بھی دیکھا ہوگا، بشرطیکہ منافق نہ ہو، یہ کہنے پر مجبور ہو جائے گا کہ ایسا نورانی چہرہ آج تک نظر سے نہیں گذرا۔

میانہ قد، صاف رنگ، سفید گھنی ڈاڑھی، متناسب جسم، ناک نقشہ پرکشش بلکہ سراپا پرکشش جس نے یا جنہوں نے آپ کی زندگی میں ایک جھلک دیکھی وہ کہتے ہیں کہ ایسا سراپا آپ کے بعد کبھی بھی نہیں دیکھا۔

مہتاب ہے یا نور کی خوابیدہ پری ہے　　　الماس کی مورت ہے مندر میں دھری ہے

گفتگو ایسی شیریں اور خطیب اس پائے کے کہ کبھی کبھی گھنٹوں خطاب بھی کیا لیکن نہ سامعین کا جی بھرتا نہ خطابت کی علمیت، زور بیاں اور روانی میں فرق آتا اور تاثیر کا کیا کہیں کسی نے کیا خوب کہا ہے؟

کروں گا موم اک دن پتھروں کو　　　اگر تاثیر ہے میری زباں میں

شاعر نے پتھروں کو موم کیا یا نہیں خدا جانے، لیکن اس خطیب کی اثر انگیزی ایسی کہ سامعین کی زندگی میں انقلاب برپا ہو جاتا۔ گویا سحر کر دیتے ایسا ساحر جس کا اثر تازیست قائم رہتا۔

عالم تھے، عارف تھے، اپنے زمانے کے بے مثل صوفی اور حقیقی صوفی جن کی صفائے قلب، صفائی عمل، صفائے نظر کو ہر انصاف کی نظر رکھنے والے نے دل سے تسلیم کیا۔ اگر یہ کہوں تو مبالغہ یا ناانصافی نہ ہوگی کہ آپ کی زندگی پر صوفی اور تصوف کا رنگ غالب رہا۔ سلف کے صوفیاء کی طرح اپنے خیالات وواردات کو اشکال میں پیش کرنا بھی خوب جانتے تھے۔ فی الوقت آپ کی شاعرانہ ذوق اور آپ کے دیوان کے متعلق چند معروضات پیش کرنا مقصود ہیں۔ آپ کے شعری مجموعے سے ہر شخص اپنے، اپنے ذوق اور مزاج کے مطابق لطف اٹھاتا ہے۔ اہل طریقت معرفت کے موتی چنتے ہیں تو اہل ذوق ان کے کلام سے محبت وعقیدت کی مٹھاس چکھتے ہیں اور شعراء اور ادیب ان کی شاعری کی نزاکتوں اور باریکیوں کو دیکھ کر سر دھنتے ہیں۔

آپ کے کلام میں کئی خوبیاں ہیں ادیب اور ناقدین حضرات توجہ مبذول کریں گے تو مجھے یقین ہے کہ خود بھی محظوظ ہوں گے اور صاحب کلام کی قادر الکلامی کی معترف بھی۔ خصوصا یہ خوبیاں تو آپ کے کلام میں نمایاں ہیں جو صاحبان فن بیک نظر محسوس کر سکتے ہیں

1۔ بحثیت ایک شاعر آپ کے تخیل کی بلند پروازی۔

2۔ مکرم کی فصاحت و بلاغت

3۔ آپ کے تبحر علمی اور علوم معرفت کی جھلک آپ کی شاعری میں۔

4۔ ذخیرہ الفاظ کی فروانی اور زبان کی لطافت وصحت۔

5۔ شعری خوبیوں اور فنی مہارت کے ساتھ، ساتھ مضمون آفرینی۔

یہ حقیقت مسلمہ ہے کہ شاعر کی سوچ نظریات وعقائد، اس کا علم وشعور اس کی شاعری پر اثر انداز ہوتا ہے اور ماحول بھی اپنا اثر دکھاتا ہے، کیا ہی اچھا ہوتا کہ کوئی ادیب، شاعر اور ماہر فن دیوان کا تجزیہ پیش کرتا اور وہ دیوان میں بطور تبصرہ شامل ہوتا۔ میں اپنی معروضات میں قارئین کی توجہ اس بات کی طرف مبذول کرانا چاہوں گا کہ حضرت کی شاعری میں جہاں بہت سے اصناف سخن شامل ہیں وہیں تین نمایاں اور منفرد سی ہیں اور ان میں موجود انفرادیت سے کچھ پردہ اٹھانے کی جسارت کرر ہا ہوں

1۔ حمدیہ شاعری 2۔ نعتیہ شاعری 3۔ پیرو مرشد کی منقبت

حمدیہ کلام پڑھتے قاری کو یقین ہو جاتا ہے کہ یہ کلام کسی عالم ربانی اور عارف باللہ کا کلام ہے جس کے قلب وذہن پر عظمت خداوندی چھائی ہوئی ہے۔ کہیں تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ صاحب کلام مقام مشاہدہ پر فائز ہے۔

اور جب آپ نعتیہ کلام پیش کرتے ہیں تو اس میں جہاں پاکیزہ رنگ، پاکیزہ خیال، بلند مضامین اور فکر کی رعنائیاں ہر ہر مصرعہ سے جھلکتی ہیں وہیں پڑھنے والے کا قلب وذہن خوبِ خوباں، فخر آدمیان، علیہ التحیہ والثناء صلی اللہ علیہ وسلم کے عشق ومحبت سے سرشار ہوتا ہے وہیں یہ بھی کہنے پر مجبور ہوتا ہے کہ ایسا کلام اسی کی زبان سے نکل سکتا ہے جس کی ہر سانس عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں مستغرق ہے اور اسی سے سرشار بھی ہے

جے توں چاہیں احد کوں ملنا احمد نام پکائیندے رہ

جتھاں جو ویکھیں نام محمد چم چم اکھیں لئیندی رہ

اس طرح کے کئی اشعار آپ کی نظر سے گذریں گے پڑھتے پڑھتے آپ پر وجد کی سی کیفیت طاری ہوجاتی ہے۔
نعت سرور کائنات ﷺ پیش کرتے کرتے آپ ﷺ کی آل، اصحاب، ازواج اور اہل بیت بھی شامل غزل ونعت فرمادیتے ہیں، جس سے آپ کے نظریئے کا علم ہوتا ہے کہ آپ کی نزدیک یہ سب چاند ستارے بھی اسی سورج سے روشنی پانے والے ہیں ان کی تعریف بھی حقیقت میں اسی سورج (سرور کائنات ﷺ کی مدح سرائی ہے۔
نعت کا مقام، مقام ادب ہے

ادب گاہیست زیرآسماں نورعرش نازک تر　　　　که نفس گم کرده میں جنید و بایزید ایں جا

اسی لیئے ہر جگہ ہر ادب کوملحوظ رکھا ہے اور نعتیہ کلام کی یہی سب سے بڑی خوبی ہونی چاہیے۔
اور کلام کا ایک بڑا حصہ وہ ہے جو از اول تا آخر وارفتگی کے عالم میں کہا گیا ہے، وہاں کلام اور شعر کی ہر مصرعہ سے سوز وگداز، حسن ودلنوازی، بے خودی اور جذب وشوق جھلکتا ہے یہ وہ حصہ ہے جو آپ نے اپنے پیرومرشد شیخ العرب والعجم، مجدد دوراں حضرت خواجہ فضل علی قریشی (قدس سرہ العزیز) کی شان، آپ کے فیضان، آپ سے دوری کے درد اور آپ کے وصل کی شیرینی اور مٹھاس کو بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ مکمل جذب واستغراق ہے اور یہ کہنے اور لکھنے کی چیز نہیں محسوس کرنے کا مقام ہے۔
ایسے کلام کو پڑھتے ہوئے اہل دل، اہل نسبت ضرور محظوظ ہوں گے نہ صرف محظوظ بلکہ فیضیاب بھی ہوں گے۔
پھر وہ حصہ ہے جس میں سے حضرت جامی کی احرار نامہ، شیخ باہوؒ کے دوھے، حضرت بلھے شاہؒ کے اشعار اور خواجہ غلام فرید علیہم الرحمہ کے کافیوں کا عکس جھلکتا محسوس ہوتا ہے۔
آخر میں کچھ الفاظ جامع اور مرتب جناب صاحبزادہ محمد دیدہ دل (دامت برکاتہ) سجادہ نشین درگاہ غریب آباد شریف لاڑکانہ کے متعلق سپرد قلم کرنا ضروری ہیں۔
صاحبزادہ کی حسن صورت اور حسن سیرت دیکھنے والوں کو حضرت پیر مٹھا رحمۃ اللہ علیہ کی یاد دلا دیتی ہے ۔آپ کے حسن ذوق ونگاہ انتخاب میں آپ کے نانا جان کی جھلکیاں محسوس ہوتی ہیں۔ آپ خود بھی بلند تخیل وصاحب ذوق ہیں اور شاعری سے بھی شغف رکھتے ہیں۔ آپ کی شاعری کے اندر بھی سوز وگداز محسوس ہوتا ہے اور دردمند دل نظر آتا ہے۔ آپ نے بڑی کوششیں اور کاوشیں فرما کر اپنے نانا جان کے مجموعہ کلام کو محفوظ کیا ہے اور اس

کوایک دیوان کی صورت میں عوام لناس کے سامنے پیش کرر ہے ہیں۔آپ کے کلام کا کچھ حصہ ایک مرتبہ پہلے بھی شایع ہو چکا ہے لیکن نامکمل، غیر مرتب اور صحت وتصحیح سے عاری۔ جناب صاحبزادہ صاحب کی بے پناہ کاوش اور ذوق سلیم کے بغیر اس کا مکمل حسن ترتیب سے مزین ہوکر اور صحت وطباعت کی خوبیوں سے آراستہ ہوکے اہل نظر و اہل نسبت کے ہاتھوں تک پہنچنا بہت ہی مشکل تھا۔لیکن چونکہ آپ حضرت پیر مٹھارحمۃ اللہ علیہ کے نواسے ہیں اور سب سے اہم بات کہ حضور پیر مٹھا کے کلام کا بہت سارا حصہ حضرت کی وفات کے بعد حضرت کی صاحبزادی صاحبہ دامت برکاتہا وعمّت فیوضہا بالصحۃ والعافیۃ (جوکہ صاحبزادہ دیدہ دل صاحب کی والدہ ماجدہ ہیں) کے پاس محفوظ تھا تو یہ کام صاحبزادہ محمد دیدہ دل صاحب ہی کر سکتے تھے۔اس طرح اس کلام کو تحریری صورت میں عوام الناس کے سامنے لانے میں صاحبزادہ محمد دیدہ دل صاحب کے ساتھ آپ کی والدہ ماجدہ حضرت مخدومہ محترمہ کا بھی بہت بڑا کردار ہے۔اور چونکہ حضور پیر مٹھارحمۃ اللہ علیہ کی زیادہ تر شاعری سرائیکی زبان میں ہے تو اس کی املا اور درستگی بھی کوئی صاحب ذوق ہی کرا سکتا ہے اور اس کام کے لیے مخدومہ محترمہ سے بڑھ کر اور کون ہوسکتا ہے جنہوں نے اپنے پیارے بابا جان کے زیر سایہ پرورش پائی اور حضور پیر مٹھارحمۃ اللہ علیہ کے اعلیٰ ذوق تک رسائی حاصل کی اور اس کلام کو نہ صرف اپنے کانوں سے سنا بلکہ اس میں موجود حکمت کے موتیوں تک بھی رسائی حاصل کی اور اس پر فیض کلام سے حظ وافر حاصل کیا۔الحمدللہ اس دیوان کی تصحیح و درستگی صاحب زادہ محمد دیدہ دل صاحب، ان کی والدہ ماجدہ مخدومہ محترمہ اور صاحبزادہ محمد دیدہ دل کی نانی جان کے ہاتھوں تکمیل تک پہنچی۔حقیقت میں ان پر قرض بھی تھا، بقول فیض احمد فیض

خاک رہ جاناں پر کچھ خوں تھا گروِ اپنا   اس فصل میں ممکن ہے یہ اتر جائے

قرض اترے نہ اترے ایک حق ادائیگی ضرور ہو جائے گی۔

خدا مرتب وجامع کی کاوش کو قبولیت کا شرف بخشے اور صاحب کلام کی طرح اس مجموعہ کلام کو بھی مقبولیت عطا فرمائے اور اہل ذوق کو تسکین اور اہل نسبت کو روحانی سکون میسر کرے۔آمین

محمد خالد نجمی

درگاہ اللہ آباد شریف کنڈیارو

۹ ذوالحج ۱۴۳۲ھ

سید السادات حضرت سائیں غلام حسین شاہ دامت برکاتہم

(خلیفہ حضور پیر مٹھا)

مولای صل وسلم دائما ابدا

علی حبیبك خیر الخلق كلهم

کتاب "دیوانِ غفاریہ" کے مطالعہ کا شرف حاصل ہوا جو حضرت قبلہ عالم پیر مٹھا کے منظوم کلام پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب قرآن وحدیث کی روشنی میں مدلل ثبوت ہے۔ کتاب توحید باری تعالیٰ اور نعت رسول مقبول ﷺ پر مشتمل ایمان افروز روح پرور پُر کیف ہر مومن عوام وخاص کیلئے ایک انمول تحفہ ہے۔ کتاب کی بار بار زیارت و مطالعہ کرنے سے ایک نیا ذوق کیف و سرور روحانی حاصل ہوتا ہے۔ مولیٰ عزوجل اپنے حبیب محبوب ﷺ کے طفیلے اس عظیم تصنیف لطیف کو مقبول خاص وعام بنائے اور اس کتاب کی جمع و ترتیب و اشاعت پر صاحبزادہ دیدۂ دل کو شاد و آباد رکھے۔ آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

ملازمِ حسن نگاہِ کرم محتاج
پیر غلام حسین شاہ
غفاری نقشبندی

درگاہ حسین آباد شریف، قمبر

حضرت سائیں محمد رفیق احمد شاہ فضلی دامت برکاتہم
(نواسہء پیر فضل علی قریشی)

وحدہ والصلواۃ والسلام علي من لا نبي بعد وعلي آله اصحابه الذین فواعهد امابعد حمد صلواۃ کے بعد یہ کمترین جملہ ناظرین کرام کي خدمت میں عرض رسا ھے کہ سید اکاملین عمدۃ الصالحین زبدۃ الواصلین حضرت مولانا محمد عبد الغفار صاحب المعروف پیر مٹھا سائیں رحمۃ اللہ علیہ کي نبیرہ اور جانشین اور انکے خانوادے کے چشم وچراغ محبی ومخلصی حضرت صاحبزادہ مولانا محمد دیدہ دل صاحب نے زیر نظر کتاب دیوان غفاریہ کی کتاب کی تصیح کرنے اور اس پر تاثرات قلمبند کرنے کا حکم صادر فرمایا۔ یہ ناچیز اگرچہ اس کام کا اہل محتمل نہیں تھا مگر حضرت صاحبزادہ صاحب موصوف کی عزت وعظمت اور قدرت ومنزلت اور وقعت ومحبت جو میری دل میں ہے اسکے پیش نظر تعمیل حکم پر مجبور ہوگیا مشہور ہے ان المحب لمن یحب مطیع اس لیے مختصر عرض ہے کہ حضرت پیر مٹھا رحمۃ اللہ علیہ کی ذات والاصفات کسی قسم کی تعارف کی محتاج نہیں ہے۔

انکے علمی و عملی کمالات او دینی و سماجی و ادبی خدمات انکی جلالت شان پر شاہد عدل ہیں اس لیے حضرت پیر مٹھا رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق کچھ کہنا سورج کو چراغ دکھانے کے مانند ہے۔ ویسے تو ہر انسان کو اللہ تعالی اپنی صفات کا مظہر بنایا ہے جیسے حدیث شریف میں ہے خلق اللہ آدم علیٰ صورتہ اور ساتھ ساتھ حکم بھی تخلقوا با خلاق اللہ۔ مگر اولیا اللہ، اللہ تعالیٰ کی صفات کا مظہر اتم ہوتے ہیں جیسے صفات باری تعالیٰ لامتناہی ہیں ایسے ہی اولیاء کاملیں کے کمالات بھی بے حد و بے عدد ہوتے ہیں جنہیں ضبط تحریر میں لانا ناممکن ہے صرف حصول برکت کیلیئے چند سطور لکھنے کی جسارت کررہاہوں۔

چونکہ آپ عشق مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم سے لبریز تھے اس لیئے آپ نے حضور علیہ السلام کی شان میں بہت نعتیں لکھی ہیں جن سے کمال محبت کا اظہار ہوتا ہے۔ آپکے ہاں کثرت سے نعت خوانی ہوتی تھی آپ قادر الکلام تھے اور برجستہ اشعار فرماتے تھے آپکا کلام الہامی تھا اس لیئے آپکا کلام تکلف یا گہری سوچ کا نتیجہ نہیں

ہے۔ آپ پر ہر وقت رقت طاری رہتی تھی اور سوز و گداز عشق و مستی میں پر کیف رہتے۔ اس لیئے آپکے کلام میں بھی عشق محبت و ادب کا رنگ غالب ہے یہی وجہ ہے کہ دیوان غفاری کو پڑھنے اور اس سے متاثر اور محظوظ ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا دل میں محبت کا جوش ولولہ اور تلاطم اور ہیجان پیدا ہوتا ہے، یہی وہ باطنی کیفیات ہیں جسے نسبت باطنی کہا جاتا ہے۔ جو حضور علیہ السلام سے سینہ بہ سینہ منتقل ہوتی چلی آرہی ہیں۔

پھر حضرت پیر مٹھار حمۃ اللہ علیہ کے کلام میں روانی اور تسلسل اور کافیہ بندی اور سجعبندی بھی کمال کی ہے۔ لطف کی بات یہ ہے کہ کلام میں کوئی اغلاق اور ابہام بھی نہیں ہے۔ اپنے ماضی الضمیر کو آسان لفظوں میں سمجھانا، حضرت پیر مٹھا رحمۃ اللہ علیہ کا ہی خاصہ ہے۔ آپکا کلام حمد باری تعالیٰ اور نعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور مناقب اہلبیت اطہار و اصلاح معاشرہ اور عام مسلمانوں کو نصیحت اور اپنے پیر و مرشد حضرت خواجہ محمد فضل علی شاہ صاحب قریشی ہاشمی مسکین پوری رحمۃ اللہ علیہ کی مدح سرائی پر مشتمل ہے۔ اور ساتھ ساتھ کلام میں عجز و انکساری تواضع۔ مسکنت ادب ھے ظرافت کا اظہار بھی خوب کیا ہے اور عشق و مستی سوز گداز اور جذب کی کیفیات بھی آپکے کلام سے چھلکتی ہیں۔ اور آپکا کلام اس سے لبریز ہے۔

فیاض عارف طبیب احسن عجیب عامل قرآن تھے،
غفارِ عاشق امین سالک خطیب کامل بیان تھے۔

میں اپنے محسن و مشفق حضرت صاحبزادہ محمد دیدہ دل صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس خاکسار کو دیوان غفاریہ پر نظر ثانی کرنے کی سعادت بخشی, اس ناچیز نے باالاستیعاب اس دیوان مبارکہ کا مطالعہ کیا اور اس سے برکت حاصل کی۔ اس دیوان مبارک کے مطالعہ کی برکت سے اپنی اصلاح کی طرف قدرے میلان پیدا ہوا۔ اور اللہ والوں سے محبت میں اضافہ ہوا ہے۔ صاحبزادہ محمد دیدہ دل صاحب نے دیوان غفاری کی جمیع و ترتیب تالیف طباعت و اشاعت کرا کر امت مسلمہ پر عظیم احسان فرمایا ہے۔ اور حضرت پیر مٹھا رحمۃ اللہ علیہ کے ایک جانشین ہونے کے ناطے آپکا اخلاقی فرض بھی بنتا تھا کہ وہ اپنے نانا جان حضرت پیر مٹھا کی

اس گراں نمایہ روحانی اثاثہ اور ورثہ کو لوگوں میں تقسیم کراتے۔

ماشاءاللہ حضرت صاحبزادہ صاحب موصوف سیرت وصورت کے لحاظ سے اپنے جد امجد حضرت پیر مٹھا رحمۃ اللہ علیہ کے مشابہ مماثل ہیں۔ آپکے کریمانہ اخلاق -تواضع - انکساری مہمان نوازی اور ہر ایک اسے خندہ پیشانی سے پیش آنا اور غریبوں کی مدد کرنا اور ہر ایک کی مشکل میں کام آنا یہ آپکا وطیرہ ہے۔ او خمیر میں شامل ہے۔ آپکی بی نفسی اور سادگی نے مجھے بہت متاثر کیا ہے۔ نہد شاخ پر میوہ سر زمین۔ ماشاءاللہ آپ اپنے کابرین کی نقش قدم پر چلتے ہوئے۔ سلسلہ عالیہ کی ترویج واشاعت اور تبلیغ دین میں بھی کوشان ہیں آپکے مرکزی درگاہ غریب آباد شریف میں روزانہ ختمات مراقبات اور درس وتدریس کا سلسلہ جاری ہے۔ یہ خاکسار یہاں پر اکثر حاضر ہو کر باطنی کیف وسرور حاصل کرتا رہتا ہے۔ مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ حضرت پیر مٹھا رحمۃ اللہ علیہ کا جسم مبارک اگرچہ رگاہ رحمت پور شریف میں ہے۔ مگر آپکی روح مبارک یہاں پر موجود ہے۔ حضرت صاحبزادہ اور صاحب موصوف کیلئے یہ بہت بڑااعزاز ہے کہ آپ اپنی والدہ ماجدہ کی زیر نگرانی وسرپرستی میں کام رہے ہیں۔ یقیناً مخدومہ والدہ صاحبہ کی تربیت اور پر تاثیر دعائیں شامل حال ہوں گی۔ اور رنگ لاتی رہیں گی مخدومہ والدہ صاحبہ جو حضرت پیر مٹھا رحمۃ اللہ علیہ کی بیٹی ہونے کی شرف رکھنے کے ساتھ ساتھ اس وقت کی رابعہ بصریہ ہیں۔ اس وقت مختلف جسمانی عوارضات کے باوجود بڑی ہمت واستقلال سے مستورات میں شب وروز تبلیغ دین کی انتھک محنت فرمارہی ہیں اور تبلیغ دین کا جذبہ رکھتی ہیں۔ اور خواتین کا ایک جم غفیر ان سے مستفیض ہو رہا ہے۔ دلی دعاء ہے کہ اللہ تعالیٰ مخدومہ صاحبہ کا سایہ ہمارے سروں پر ہمیشہ قائم ودائم رکھے۔ اور انکو اپنی حفظ وامان میں رکھے اور حضرت صاحبزادہ صاحب کو روز افزوں ترقی درجات ومقامات نصیب فرمائے۔ اور حضرت پیر مٹھا رحمۃ اللہ علیہ کے تمام خانوادے اور متعلقین ومتوسلین کے حق میں یہ دعائیں قبول فرمائے۔ آمین ثم آمین

بجاہ سید المرسلین علیہ وآلہ الرف من التحیات والتسلیم

خاکپائے درویشان محمد رفیق فضلی عفی عنہ

حضرت علامہ عبدالرحمٰن غفاری بخشی طاہری

خلیفہ پیر مٹھا

یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ سیدی ومرشدی حضور پیر مٹھا سائیں رحمۃ اللہ علیہ وقت کے مجدد تھے اور شاعری میں سعدی زمانہ تھے۔ آپ کے فیض بابرکت سے ہزارہا قلوب مزین ومصفا ہوئے، جس طرح آپ کے دور میں آپ کا کوئی پیر ثانی نہ تھا اسی طرح آپ کے کلام (چاہے وہ مکتوب، ملفوظ یا اشعار کی صورت میں کیوں نہ ہو) کا کوئی نظیر نہیں۔

آپ کی شاعری کوئی مصنوعی شاعری نہ تھی بلکہ سراپا حقیقت وعشق پر مبنی تھی۔ آپ کی لکھی ہوئی حمد باری تعالیٰ، نعتوں اور منقبتوں سے یہ بات مترشح ہے کہ آپ کو حضور اکرم ﷺ کے ساتھ اور اپنے شیخ کامل کے ساتھ محبت کاملہ اور فنائیت تامہ حاصل تھی۔ آپ کی لکھی ہوئی شاعری میں یہ اثر ہے کہ جب آپ کے غلام آپ کی لکھی ہوئی حمد باری تعالیٰ یا نعت ومنقبت کو پڑھتے ہیں تو سامعین پر جذب ورقت کی کیفیت طاری ہوجاتی ہے۔

یہ عاجز خراج تحسین پیش کرتا ہے حضرت قبلہ سائیں صاحب زادہ محمد دیدہ دل صاحب دامت برکاتہ کو جنہوں نے اپنی گوناگوں مصروفیتوں کے باوجود بڑی محبت ومحنت کے ساتھ حضور پیر مٹھا سائیں رحمۃ اللہ علیہ کی لکھی ہوئی حمد، نعتوں اور منقبتوں کو جمع کر کے ایک کتاب کی صورت دی اور اس کا نام ''دیوان غفاریہ'' رکھا۔

یقیناً یہ ''دیوان غفاریہ'' ہم فقراء اور غلاموں کے لیے ایک بہت بڑے خزانے اور غیر معمولی سوغات سے کم نہیں۔

اللہ تعالیٰ سائیں صاحب زادہ کی اس کاوش کو شرف قبولیت عطا فرمائے اور اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین

فقیر عبدالرحمٰن غفاری بخشی طاہری

09-11-2011

حضرت سائیں محمد سردار احمد نقشبندی مجددی غفاری

خلیفہ پیر مٹھا

الحمدلله منشی الخلق من عدم. ثمالصلوة علی المختار فی القدم. مولا ی سلی و سلم دائما عبدا علی حبیبک خیر الخلق کلهم.

اما بعد! فقیر محمد سردار احمد نقشبندی مجددی غفاری عرض گزار ہے کی عاجز نے کچھ عرصہ حضور قبلہ عالم، نائب سید المرسلین حضرت خواجہ محمد عبد الغفار فضلی رحمتہ اللہ علیہ کی خدمت عالیہ میں گزارے۔ میرے علم و مشاہدے کے مطابق حضور قبلہ عالم پیر مٹھا سائیں نے امت محمدیہ میں تزکیہ و اصلاح نفوس، تصفیہ اذہان وقلوب کا انقلابی فکر پیدا فرما کر علماء کرام کو ظاہری علوم کی ساتھ ساتھ باطنی علوم کا روشناس بنایا اور صوفیاء کرام کے دلوں میں ذکر و فکر، مراقبہ۔ مشاغل تصوف کے ساتھ ساتھ علوم دینیہ کی طلب و تڑپ پیدا کیی اور عوام الناس کو حقیقی زندگی سے روشناس کرا کے صراط مستقیم پر گامزن فرمایا۔ یہ حقیقت ہے کہ تقرو تحریر نظم کی صورت یا نثر کی صورت۔ سامعین و قارئین کے قلوب و اذہان کو اسی قدر متاثر کرسکتی ہے جس قدر اس میں مقرو محرر کے قلبی جذبات و احساسات کا دخل ہوگا۔ پیش نظر کتاب (دیوانِ غفاریہ) کے مطالعہ کا شرف حاصل ہوا، جو کہ حضور قبلہ عالم حضور پیر مٹھا رحمتہ اللہ علیہ کے منظوم کلام پر مشتمل ہے۔ مطالعہ وسماعت سے نیا ذوق، سرورع کیف حاصل ہوا۔ اللہ عزوجل سے اس عاجز کی استدعا ہے کہ اللہ عزوجل اپنے حبیب لبیب کے طفیل اس کتاب کو مقبول خاص و عام بنائے۔ اور اس کتاب کے جامع و ناشر و مرتب جناب صاحبزادہ والاشان نواسہ حضور قبلہ عالم حضرت پیر مٹھا رحمتہ اللہ علیہ حضرت علامہ سائیں دیدہ دل زیدہ مجدہ کو شاد و آباد فرمائے۔ آمین! بجاه نبی الکریم سیدالمرسلین.

لاشی الفقیر محمد سردار احمد نقشبندی مجددی غفاری

رحمت پور شریف متصل نہر یل، بچیکی، تحصیل وضلع ننکانہ صاحب

پنجاب، پاکستان

حضرت سائیں پیر کرم اللہ الاہی دامت برکاتہم

الحمد للہ رب العالمین، والصلاۃ والسلام علیٰ اشرف المرسلین، وبعد:

وہ سندھ کا اک سنہرا دور تھا۔ ادھر حضرت قبلہ مشوری صاحب کے قال اللہ و قال الرسول کے تدریسی انوار چمک رہے تھے تو ادھر سے حضرت حافظ امام بخش رحمتہ اللہ علیہ خاموش نگاہوں سے لوگوں کی تقدیریں بدل رہے تھے۔ ادھر حضرت حاجی دلمراد لوڑھو شریف میں بیٹھ کر اپنی دعاؤں، نگاھوں اور حکمتوں سے مخلوق کی حاجت بر آریاں کر رہے تھے۔ توپاٹ شریف، سونو جتوئی، گڑھی یاسین، ٹنڈو میں علم و عمل کے چراغ چمک رہے تھے جن کی روشنیاں گھر گھر کو منور بنا رہی تھی۔ اس دوران شمال کی طرف سے آفتابِ ولایت ماھتابِ رشد وہدایت، سندھ کے افق پر چمکے اور ایسے چمکے کہ سندھ کے افق پر چھاگئے۔

وہ پیرِ طریقت، قطبِ عالم حضرت خواجہ محمد عبدالغفار عرف پیر مٹھارحمت اللہ علیہ کی نورانی شخصیت تھی۔ جو نہ صرف عاشقِ خدا اور صوفی باصفا تھے، بلکہ جید عالمِ دین، مفسر، محدث اور فقیہ بھی تھے۔ آپ رحمت الاہی کے بادل بن کر سندھ کی سرزمین پر برسے، اور ایسے برسے کہ دلوں کی ویران اور بنجر زمینیں آباد ھو گئیں۔

آپ نے نہ صرف روحانی اور وجدانی تقریروں سے مخلوق کی رہبری ورہنمائی فرمائی لیکن آپ نے قلم وقرطاس کے ذریعے بھی پیامِ حق کو عام کیا۔ آپ بہترین نثر نویس اور بے مثال شاعر بھی تھے۔ جس کا زندہ ثبوت یہ کتاب دیوانِ غفاریہ آج آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

میں حضرت صاحبزادہ خواجہ محمد دیدھ دل کا شکر گذار ھوں جنھوں نے محض کرم کر کے دیوان مبارک کی ایڈیٹنگ اور سیٹنگ کی خدمت کا اس ناچیز کو موقعہء خدمت عطا فرمایا اور ساتھ ہی حکم فرمایا ہے کہ حضرت پیر مٹھارحمت اللہ علیہ کی شخصیت اور ان کے کلام کے بارے میں کچھ لکھوں، یہ ان کی ذرہ نوازی ہے ورنہ کہاں یہ کمترین عاجز اور کہاں حضرت پیر مٹھا سائیں کی نورانی شخصیت۔ فجزاہ اللہ خیر الجزاء۔

حضرت پیر مٹھا کی شخصیت حیرت انگیز خوبیوں کا مجموعہ تھی۔ میرے والدِ کریم جنھوں نے انیس برس حضرت کی خدمت میں گذارے تھے وہ فرماتے تھے کہ آپ حسنِ صورت اور حسنِ سیرت کا مرقع تھے

جب دنیادار آئے تو عقلی انداز میں، اھلِ دل اور اھلِ معرفت آئے تو انتہائی دلآویز جذباتی انداز میں ان کی ذھنی خلفشار کا علاج کیا۔ آپ زمانہ کے نقاد تھے۔ زمانہ کے رگ پر ان کا ہاتھ تھا۔ لوگوں کے ضمیر اور مافی الضمیر سے پل میں واقف ہو جانے کی خداداد صلاحیت کے مالک تھے۔

آپ نے کسی جگہ کو اپنا وطن نہیں بنایا۔ جہاں ضرورت محسوس کی جہالت کا اندھیرا دیکھا وہیں پر پڑاؤ کیا۔ مخلوق جوق درجوق آنے لگی، فیض پانے لگی پھر وہاں سے بوریا بستر باندھا کسی اور مقام کو منتخب کیا۔ جوں جوں چلتے گئے شریکِ راہ بڑھتے گئے قافلہء عشاق بڑھتا گیا اور عشق و محبت کی ایسی حُدی پڑھتے گئے کہ لوگ پیر مٹھا کی اس میٹھی آواز میں مسرور اور مجذوب ہوتے گئے۔ آخر میں رحمتپور لاڑکانہ کو رحمتوں سے نوازا اور اب بھی نواز رھے ہیں۔ آپ نے نہ کبھی دوستوں سے فریب کیا نہ دشمنوں سے انتقام لیا۔ نہ کسی سے ذاتی عناد رکھا۔ نہ کسی سے دشمنی رکھی نہ کسی کو دشمن بننے کا موقعہ دیا۔ باقی جو حاسد تھے اور فی سبیل اللہ کے دشمن در پےء آزار تھے ان کو بھی محبتوں سے قریب کرنے کی کوشش کرتے رہے۔

ان ساری تبلیغی مساعی کے باوجود قرطاس و قلم کو بالاءِ طاق نہیں رکھا۔ اپنے ذھنِ رسا سے علمی و روحانی جوھر پارے سپردِ قلم کرتے رہے۔ جو کچھ لکھا حق اور حقیقت لکھا۔ جب من میں آیا قلم ہاتھ میں لیا اور کاغذ پر معنٰی کے موتی بکھیرتے گئے۔ جن کا مجموعہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

حضرت پیر مٹھا سائیں رحمت اللہ علیہ کے مبارک کلام کو دیکھتے ہیں تو آپ کے کلام میں سوز و گداز نظر آتا ہے جو دلوں کو گرمانے والا ہے۔ آپ کا ہر شعر مفلسوں کی محفل کا چراغ ہے۔ عقائدِ اہلسنت کو دلنشین انداز میں بیان فرماتے ہیں، تصوف کی باریکیوں کو حسین انداز میں شعروں میں بیان فرماتے ہیں۔ آپ کا کلام روح کو تڑپانے قلب کو گرمانے والا ہے۔ عشاق کی دلوں کا ایندھن ہے۔ جس میں صوفیانہ رنگ ہے۔ عارفانہ ڈھنگ ہے اور عاشقانہ ترنگ ہے۔ توحید الاھی میں آپ وحدۃ الشھود کے قائل ہیں۔ فرماتے ہیں:

چھڈ مسئلے علم مسائل، سٹ جتاں عقل دلائل

سٹ نحوی فعل تے فاعل، سٹ کوڑے جھگڑے جھیڑے

آپ قطبِ عالم حضرت پیر قریشی رحمت اللہ علیہ کے جس مدرسہء محبت سے فارغ ہو کر نکلے اس میں

آپ کو عشق و محبت کے اسباق پڑھائے گئے، جن کو آپ پوری عمر گنگناتے رہے۔ اس لئے آپ کے کلام میں سوز و ساز رومی بھی ہے اور پیچ و تاب رازی بھی ہے۔

آپ عربی، فارسی، اردو اور سرائیکی کے نغز گو شاعر اور سخنور تھے۔ آپ کا کلام حمد، نعت، مناجات، دوہڑے، نصیحت پر مشتمل ہے جس میں قرآن و حدیث کے ارشادات حسین انداز میں بیان فرماتے ہیں۔ تصوف کے اسرار و معارف عام فہم انداز میں بیان فرماتے۔ جس میں سلاست بھی ہے، غلبہ ء حال بھی ہے، وارداتِ غیبی اور انور لاریبی کا ایک تسلسل بھی ہے۔

قلم و قرطاس کے سفر میں بہت سخندانوں اور دانشوروں کو پیچھے چھوڑ گئے، جب ان کے اشعار کو پڑھو تو حافظ شیرازی اور سعدی کے کلام کی گرہیں کھلنے لگتیں، رازی اور رومی کے راز فشاء ہونے لگتے ہیں۔ بیدل، سچل، بلھے شاہ اور باھو کے رنگ نظر آتے ہیں۔ بابا جان فرماتے تھے کہ آپ کو عربی فارسی، اردو، پنجابی، سرائیکی کے لاتعداد شعر، مثنویاں قصیدے مسدس، مخمس، قطعے، نعتیں، غزلیں یاد تھیں۔ جب شعر پڑھتے ہیں تو دلائل و براھیں والا نظر آتا ہے۔ روئے شعر جب عشقِ الاھی کی طرف ہوتا ہے تو فنا و بقا کے اسرار بیان فرماتے اور بات جب عشقِ رسول کی ہوتی تو آپ کے ہر حرف ہر لفظ اور ہر جملہ سے محبتِ رسول ٹپکتا نظر آتا ہے۔

آپ لسان الوقت تھے۔ زمانہ کے حالات کی نبض پر ہاتھ تھا جو کچھ بیان فرمایا اس میں بے پناہ تاثیر ہے۔ کچھ اشعار کو تو ایسا قبولِ عام نصیب ہوا کہ عوام و خواص، علماء خطباء، مشائخ و اکابرینِ سلسلہ ان کو پڑھتے ہیں جس طرح آپ کا ایک شعر ہے۔

ہِک نہ ڈوہ ہزاراں پلے پر توں بخشیں ہارا،
میں جیہاں کوئی بدتر نہ نظرے پھریم توڑے جگ سارا۔

آپ کا نثر بڑا دلربا ہے ملاحظہ فرمائیں:

پیارے دوستو افسوس ہے عقل جُہلا دا۔ جو منکرن قاطع البرہان دے، سوہݨے نبیؑ دے فرمان دے۔ ضد کوں پلیوںے، تے ایمان کوں ڈتونے۔ سوہݨے نبیؑ دے حکم دا انکار

کیتونے۔ اللہ سائیں بچاوے آنجھی جہالت کنوں، تے آنجھیں ضلالت کنوں، تے آخرت دی خجالت کنوں۔

قطبِ عالم حضرت پیر مٹھا سائیں رحمۃ اللہ علیہ کے اس کلام کے جامع، مرتب و ناشر، انیس اہلسنت، مخدومِ غفاری جماعت حضرت خواجہ محمد دیدہ دل زید مجدہ ہیں۔ جو قطبِ عالم کی سب سے چھوٹی اور چہیتی بیٹی عابدہ، زاھدہ، عالمہ، عاقلہ، صابرہ، شاکرہ، مُعلّمہ، مُدَرِّسہ اماں بی بی کے لختِ جگر ہیں۔ آپ کے والد گرامی کا نام حضرت مولانا غلام فرید تھا، جو قطبِ عالم کے قریبی رشتہ دار تھے۔

آپ نے اپنے نانا جان قطبِ عالم رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کو جمع کیا ہے۔ یہ کوئی معمولی بات نہیں تھی۔ آپ نے بڑی محنت و عرق ریزی سے آپ کا کلام سندھ پنجاب سے جمع کیا ہے اور پھر اسے ترتیب دی ہے۔ کتاب لکھنا اور اس کی ترتیب دینا کتنا کٹھن کام ہے یہ تو وہ جانتا ہے جو اس راہ کا راہی ہے۔ حضرت سائیں دیدہ دل مد ظلہ نے یہ کلام یکجا کر کے اور زیورِ طبع سے آراستہ کروا کر جماعتِ غفاریہ پر احسانِ عظیم کیا ہے۔ اس پر پوری جماعت آپ کی ممنون و مشکور ہے۔ فجزاہ اللہ خیر الجزاء۔

اللہ کریم ہم سب کو اس ولی کامل کے پر فیض کلام سے مستفیض ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

فقیر کرم اللہ

خادم دربار فضل آباد شریف ماتلی سندھ

بدھ ۲۵ ربیع الاول ۱۴۳۲ھ

حضرت سائیں حضور بخش دامت بر کا تہم

فقیر حقیر ابن الصدیق محمد حضور بخش صدیقی مجددی ثبت اللہ بنو ھدایتک عرض کرتا ہے کہ پیر طریقت رہبر شریعت نواسہ پیر مٹھا حضرت قبلہ محمد دیدہ دل غفاری مدظلہ العالی کا جماعت غفاریہ پر بڑا احسان عظیم ہے کہ آپ نے اپنے قبلہ نانا سائیں جان قدس سرہ کے تمام اشعار جمع کر کے کتاب بنام "دیوانِ غفاریہ" نشر فرمایا الحمد للہ۔

فقیر کو علم، عمل، فہم اور قوت نہیں کہ اس کتاب کا تعارف کرائے یا ایسی شخصیت کا شان بیان کرے یہ تو ان شہزادوں کی شفقت ہے کہ کسی حقیر خادم کو در پر بلا کر عزت کا تاج سر پر رکھ دیتے ہیں۔

فقیر ایک بار سالانہ عرس پیر مٹھا قدس سرہ میں درگاہ غریب آباد حاضر ہو کر صاحبزادہ محمد طٰہٰ صاحب سے عرض کیا کہ حضرت کو اطلاع دیں اور عرض کریں کہ کسی چیز کی ضرورت اور کسی کام کیلئے حکم فرمائے گا۔ صاحبزادہ پیغام پہنچا کر تھوڑی دیر بعد باہر آکر فرمانے لگا حضرت (ابو) فرمارہے ہیں کہ ہمیں آپ کے سوا کسی چیز کی ضرورت نہیں ہے، یہ ہے آپ کا اندازِ محبت۔

فقیر کتاب کے متعلق اتنا کہنا چاہے گا اور بس "دیوانِ غفاریہ" دیوانِ مٹھا پیر روشن دل دریں دارو کشف دیدہ دل۔

فقیر مؤلف کے متعلق اتنا کہنا چاہے گا اور بس "نواسہء پیر مٹھا" قدس سرہ۔ مٹھا پیر کے گل لالہ کے سر سبز وخوش ذائقہ چمکتے ہوئے جمیل وخوبصورت پھول۔ شیخ سعدی فرماتے ہیں:

ندانی کہ سعدی مکاں ازچہ یافت نہ ہاموں نوشت نہ دریا شگافت

بخردی بخورد از بزرگاں قضا خدا دادہ اندش بزرگی صفا

اللہ تبارک وتعالیٰ کی بارگاہ قدس میں دعا ہے کہ حضرت مؤلف مدظلہ العالی کو صحت کامل اور عمر دراز عطا فرمائے۔ آمین اور اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبولیت کی شرف سے مشرف فرمائے آمین ثم آمین۔

فقیر ابن الصدیق محمد حضور بخش غفاری
صدیقی نقشبندی

حضرت سائیں محمد معصوم حبیبی بخشی طاہری مجددی نقشبندی

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ امابعد:

الحمدللہ ثمہ الحمد اللہ جتنا اللہ کا شکر ادا کریں کم ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے ہم گنہگاروں کو ایسے کامل اکمل اللہ والوں کی نسبت عطا فرمائی۔ جنہوں نے ہم کو ذکر اللہ اور محبت رسول اللہ کا نور بخشا۔ حضور قبلہ عالم غوث الزماں محبوب رب العالمین حضرت خواجہ خواجگان محمد عبدالغفارؒ المعروف پیر مٹھا سائیں جن کی زیارت اس گنہگار کو بچپن میں کئی بار نصیب ہوئی۔ اور حضور قبلہ عالمؒ نے ذکر قلبی بھی عطا فرمایا۔ کیونکہ اس عاجز کے محترم والدم و مرشدم قبلہ حضور خواجہ حبیب الرحمٰنؒ حضور قبلہ پیر مٹھا سائیںؒ کے خلیفہ تھے۔ حضرت جب اپنے شیخ کی بارگاہ میں جاتے تھے تو اپنے اہل خانہ کو حضور قبلہ عالم کی خدمت میں لے جاتے تھے۔

سبحان اللہ! حضور قبلہ پیر مٹھا سائیںؒ کی زیارت سے خدا یاد آتا تھا۔ حضور کی صورت مبارک ہی جادو اثر تھی۔ بیان میٹھا اور پر اثر ہوتا تھا۔ حضور کی شاعری جس کے ہر لفظ میں نور اور مسحور کن اثر تھا مردہ دل غافل لوگ آپ کا کلام سن کر زندہ دل ہو جاتے تھے۔ عاشقوں کے عشق میں اضافہ ہو جاتا تھا۔ جس مجلس میں حضور کا کلام پڑھا جاتا ہے تو لوگوں پر وجد کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ حضور کے اس سرائیکی کلام میں ایسی کرامات ہیں کہ ہر زبان کا بندہ اس کو سمجھ جاتا ہے۔ اور جھومنے لگتا ہے۔ خواہ سندھی ہو، بلوچی ہو، پختون ہو مستفیض ہوتے ہیں۔

اس عاجز کے والد محترم قبلہ خواجہ حبیب الرحمٰنؒ نے حضور کی کافیاں اور نعتیں وغیرہ قلمی لکھی ہوئی تھیں۔ جن کو پڑھنے سے بڑا لطف آتا ہے۔

پیر میڈے جھیاں پیر نہ کوئی نہ جمسی نہ جایا
سکن ولی جیندے ڈیکھن کیتے پکھڑے اساڈے آیا۔

حضرت پیر مٹھا سائیںؒ نے اپنے شیخ کی عقیدت میں بے پناہ منقبتیں تحریر فرمائیں۔ ان کو پڑھ کر

مریدین میں عقیدت و محبت کا دریا موجزن ہو جاتا ہے۔

آج ہمارے پیارے صاحبزادہ قبلہ مولانا محمد دیدہ دل صاحب زید مجدہٗ نے شفقت فرمائی کہ دیوان غفاریہ کی اشاعت فرما کر ہم فقیروں پر کرم فرمایا۔ اللہ تعالیٰ آپکو تا قیامت سلامت رکھے۔ آپکے فیض میں دن رات ترقی عطا فرمائے۔ اور حضرت پیر مٹھا سائیںؒ کا یہ فیض ساری دینا میں جاری رہے۔ آمین

لاشئی فقیر محمد معصوم حبیبی بخشی طاہری مجددی نقشبندی

سکنہ دربار حبیبیہ معصومیہ سنانواں،

تحصیل کوٹ ادو، ضلع مظفر گڑھ، پنجاب

علامہ سائیں جمیل احمد نوری نورپوری

کیا شانِ احمدی کا چمن میں ظہور ہے،
ہر گل میں ہر شجر میں محمد ﷺ کا نور ہے۔

پیر پیراں قیوم زماں، پیر طریقت، رہبر شریعت، قطب الارشاد حضرت خواجہ محمد عبد الغفار رحمۃ اللہ علیہ سلسلہ نقشبندی کے ایک روشن چمکتے ہوئے چراغ بن کر سندھ میں تشریف فرما ہوئے، اس وقت سندھ کے شرعی اخلاقی اور معاشرتی حالات ابتر تھے۔ رب کائنات نے تمام شرعی اخلاقی اور سماجی صفتوں سے آراستہ کامل اکمل ولی اللہ بھیجا، جنہوں نے اپنی نورانی نگاہ کرم سے وہ ابتر حالات بہت بہتر بنادئے۔

نگاہ ولی میں وہ تاثیر دیکھی، بدلتی ہزاروں کی تقدیر دیکھی

آپ نے سلسلہ نقشبندی کی وہ خدمت انجام دی جو جنگل و بیابان میں پاپیادہ گئے، آپ کی محنت سے آپ کے مریدین کی تعداد چودہ لاکھ تک جاپہنچی۔ آپ کے تعلیمات کا بنیاد زہد و تقویٰ اور جذبہ ایمان پر تھا۔
ان اکرمکم اللہ عنداللہ تقویٰ (تحقیق اللہ تعالیٰ کے پاس مزید عزت والے متقی وپرہیز گار ہیں) آپ نے حضور نبی پاک ﷺ کے دین متین کی خاطر بڑا اجہد کیا۔

بر توکل کن مہ لرزہ پاؤ دست رزق تو بر تو از تو عاشق تراست

(ہاتھ پیر مت چلاؤ کہ یہ رزق تم پر عاشق ہو جائے گا) آپ یہ اشعار ہمیشہ پڑھتے تھے۔
آپ کمال شفقت فرماکر درگاہ نور پور شریف تشریف لائے اور ہفتہ بھر قیام فرمایا اور دربار کا نام بھی آپ نے ہی تجویز کیا تھا، اب بھی یہاں پر آپ کا بتایا ہوا سلسلہ قدم بہ قدم چل رہا ہے۔
محترم جناب سائیں محمد دیدۂ دل نے حضور قبلہ عالم قطب الارشاد، قیوم زماں، پیر مٹھاؒ کے منظوم کلام کے لئے جو خدمت انجام دی ہے، وہ ہر مسلمان بلخصوص اہل دل عقیدت مند کے لئے راہ ہدایت ہے۔ آپ کے لئے ہماری طرف سے ہمیشہ تعاون جاری رہے گا۔

لاشئ جمیل احمد غفاری نوری رسولی وحضوری
آستانہ عالیہ نورپور شریف، گمبٹ، سندھ

علامہ استاد حبیب الرحمٰن گبول صاحب

حامدا ومصلیا ومسلما امابعد

اسلامی دنیا میں مثنوی مولائے روم کو فارسی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ وتفسیر کہا جاتا ہے، اور اس میں کوئی شک بھی نہیں کہ مولانا رومی نے اچھوتے اور عام فہم انداز میں قرآن مجید کی ترجمانی کی ہے۔

اسی طرح گذشتہ صدی کے وسط میں سلسلہ عالیہ نقشبند کے مشہور ومعروف پیر طریقت خواجہ خواجگان قطب دوران حضرت محمد عبدالغفار المعروف پیر مٹھا کی شخصیت آپ کے پرتاثیر مواعظ حسنہ نیز آپ کا پرسوز متاثر کن منظوم کلام بھی قرآن وسنت کا ترجمان اور تفسیر وتشریح معلوم ہوتا ہے، آپ نے اپنی مادری سرائیکی بولی کے علاوہ عربی وفارسی زبان میں بھی شاعری کی ہے۔

گو حضرت پیر مٹھا قدس سرہ کی شہرت شعر وشاعری سے زیادہ فیوض وبرکات کے حوالے سے ہے۔ لیکن آپ کے پرمغز منظوم کلام پڑھنے سننے سے یہ حقیقت بھی عالم آشکار ہوجاتی ہے کہ آپ شعر وسخن میں بھی یگانۂ روزگار تھے اور شعر وشاعری کے تمام معروف اصناف میں آپ کا معیاری منظوم کلام موجود ہے۔ حمد، نعت، منقبت، مرثیہ، قصیدہ، کافی، غزل، قطعہ، رباعی ان تمام اصناف میں آپ نے خامہ فرسائی فرمائی ہے۔

آپ کے کلام میں تصوف وروحانیت، عشق، محبت وصال وفراق سوز گداز تڑپ، تواضع وانکساری، بے باکی وحق گوئی کے عمدہ اوصاف نمایاں ہیں۔

اپنے اشعار میں بھی مسلک حق اہل السنۃ والجماعت کی خوب ترجمانی کی ہے

اقتباسات: مشت از نمونۂ خردار کے طور پر چند اشعار کے اقتباسات ملاحظہ ہوں

حمد باری تعالیٰ

الحمد لمن خص له الفضل کمالا	والشکر لمن عم له اللطف نواله
بر ورؤف ورحیم وعظیم	حنان ومنان ذوالعز جلال
وهاب خبیر وقدیم وکریم	قدخلق علی الارض بحارا وجبالا
لاضد ولاند ولا کفو لربی	لاجسم ولاروح ولاشبه مثالا

سرائیکی زبان میں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں عاجزانہ یوں مخاطب ہیں

عرب داوالی منہ ڈکھلا ونج
وچ پنجاب دے پھیرا پاونج

اہل بیت عظام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اپنی عقیدت ومحبت کا یوں اظہار فرمایا

اگر میں ہوں بڑا عاصی تے پنجتن ہن میرے شافی
ہے دل میں شوق ہرلحظہ وہ باراں امام کافی ہیں

اپنے پیرومرشد حضرت خواجہ پیر فضل علی قریشی مسکین پوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے آپ کو فنائیت کی حد تک محبت تھی ان کی تعریف میں یوں رقم طراز ہیں

ہاں میں گدا ایں دردا خواجہ فضل علی دا
باندا غلام بردا خواجہ فضل علی دا

نصیحت

دنیا فنادی دار ہے ہر کوئی چلن ہار ہے
ونجناں ضروری پار ہے دریا پیا کڑ کے کہر

قبلہ صاحبزادہ محمد دیدہ دل صاحب مدظلہ لائق صد تحسین ہیں حضرت پیر مٹھا قدس سرہ کے روحانی وجسمانی وراثت کے وارث نواسے اور عکس جمیل صاحبزادہ مولانا محمد دیدہ دل صاحب جن کی مساعی جمیلہ سے آپ کے منظوم کلام کا مجموعہ ''دیوان غفاریہ'' کے نام سے شایع ہورہا ہے جماعت غفاریہ پر عظیم احسان ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ خیر خلقہ سیدنا محمد والہ واصحابہ وسلم

رقمہ: فقیر حبیب الرحمٰن گبول طاہری غفاری
درگاہ اللہ آباد شریف کنڈیارو
عیدالاضحیٰ 1432 ہجری

دیدۂ دل سے

جب ایک ماں اپنے چھوٹے سے بچے کو جھولے میں جھولاتی ہے اور اپنی شفقت محبت والی زبان میں جو لوری سناتی ہے اس لوری میں ایسی تاثیر ہوتی ہے کہ وہ لوری اس بچے کو لاشعور میں ہمیشہ کے لئے نقش ہو جاتی ہے اور اس کی شخصیت کی تعمیر میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ جب ایسی لوری، آواز، گونج کسی عظیم المرتبت ہستی کی ہو جس میں الٰہی سوز و گداز ہو اور محبت کا سمندر موجزن ہو تو ایسی آواز، لوری عمر بھر کے لئے اپنی گرفت میں لے لے تو حیرانی والی بات نہیں یہ نعمت عظمیٰ بہت کم لوگوں نصیب ہوتی ہے۔ میں ایسا وہ خوش نصیب شخص ہوں جو میرے جیسے نالائق آدمی پر یہ نعمت خداوندے بدرجہ اتم نصیب ہوئی ہے۔

وہ لوری، وہ تڑپ، وہ سوز و گداز جو بحر بیکراں کے بطن سے میرے ماں کی صورت میں مجھے نصیب ہوئی۔ جب میں نے آنکھ کھولی تو باپ کا سایہ سر سے اٹھ چکا تھا۔ البتہ ماں کے مدرسے سے جو اسباق و الفاظ میں نے سنے وہ لاشعور میں ہمیشہ کے لئے چسپاں ہو گئے وہ تھے پیر مٹھا، پیر مٹھا، پیر مٹھا۔

میرا عشق آپ سے تب سے ہے جب سے عشق کا پتہ بھی نہ تھا۔ بقول آپ کے:

مَتھے چھتڑے تے سرچوٹیاں - میں لائی ہم پیت سَن چھوٹیاں

میرے لئے آپ کے یہ اشعار سرمایہ حیات ہیں، میں ان الفاظوں کے سحر میں آج تک مبتلا ہوں، جیسے یہ آپ نے صرف میرے لئے کہے تھے، اردو میں اس قطع کی معنی یہ ہے 'ابھی میرے سر کے بال چھوٹے چھوٹے سے تھے اور چھوٹی چھوٹی چوٹیاں تھیں، میں نے تب سے آپ سے پیت لگائے ہوئی ہے۔

میں نے کبھی آپ کو بظاہر نہیں دیکھا مگر آپ نے خود ہی اپنا جلوہ اس طرح کروایا جو آپ نے

میرا نام یہ رکھا 'دیدۂ دل یعنی دل کی آنکھ' تو میں آپ کو اس طرح دیکھا۔ اور آج تک میرے غریب خانے پر آپ کے تذکرہ کے بغیر کوئی بات مکمل نہیں ہوتی، میں اپنے نانا جان، جان جاں جیسا تو نہیں بن سکتا کیونکہ

ہزاروں سال نرگس اپنی بی نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

البتہ ان کا ادنیٰ سا غلام ابن غلام ہونے پر نازاں ہوں۔ مجھے اپنے بابا جانی پر فخر ہے کہ 'حضرت پیر مٹھا رحمۃ اللہ علیہ' نے میرے والد گرامی کو اپنی غلامی کے لئے چن لیا تھا، اور بابا جان نے بھی بس اپنی جان تک نثار کر دی، پھر بھی کہتے گئے کہ:

حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

نانا حضورؒ کی شخصیت پر تبصرہ، تذکرہ، تعریف، توصیف تو آپ کے عشاق محبین ہی کر سکتے ہیں جنہوں نے آپ کو دیکھا اور صحبت کی، ویسے تو آپ کی شخصیت پر کئی کتابیں تحریر ہو چکی ہیں میں صرف یہاں "دیوانِ غفاریہ" پر اظہار بیان کروں گا۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا وہ میٹھی میٹھی پیر مٹھے کی میٹھی پر سوز، پر کیف آواز جو دیدۂ دل کو چھوتی تھیں، عاشقوں کو مزید بیقرار کر دیتی تھیں، کیونکہ آپ نے اپنے محبوب حقیقی کے عشق میں سکوں و قرار نہیں مانگا تھا۔

دیدہ گریاں سینہ بریان بے قراری اضطراب
عشق اپنے میں عطا کر دائما کے واسطے

آپ خود ایسے محبوب و معشوق تھے جو آپ سے بڑھ کر کوئی عاشق صادق مبتلاء مرض محبت نہ تھا۔ لہٰذا میں جب ایسے پر سوز پر درد الفاظ سنتا تھا اشعار کی صورت میں تو مجھے اندازہ تھا کہ ہمارے پاس اتنا

بڑا خزانہ ہے اور ہم بے قدری کر رہیں ہیں تو میرے دل میں خیال آیا کہ اس خزانہ خداوندی کو عام کیا جائے۔ اپنی نو عمری لا ابالی پن میں وقت گذرنے کا احساس ہی نہ ہوا اور بڑا عرصہ گزر گیا، جب احساس ہوا مزید تاخیر، تساہل پسندی، عاشقانِ غفاریہ پر گراں گزر رہی ہے، تو پھر دل کی آواز کو لبیک کہہ کر اس فرض منصبی کو جلد از جلد منظر عام پر لانے کے لئے کام شروع کر دیا۔ بہت پہلے میں اپنے محبوب سجن سائیں کی درباد پر اعتکاف میں بیٹھا تھا تو وہاں یہ خیال آیا، کچھ فراغت ہے اس کام کا آغاز کیا جائے، حضرت سجن سائیں سے یہ تذکرہ ہوا تو آپ نے بہت تاکید فرمائی اور بہت ہمت دلائی اور دعا فرمائی تو وہاں سے اس کار خیر کا آغاز کر دیا۔ حضرت قبلہ نانا جان کے ہاتھ مبارک سے لکھی ہوئی اشعار کی کتاب ہمارے پاس تھی، اس کو دوبارہ نقل کرنا شروع کر دیا، اس وقت وہ کام مکمل نہ ہو سکا کیونکہ جو حضرت صاحبؒ کی کتاب تھی وہ بہت زبون تھی اور اس سے نقل کی ہوئی 'کتاب جو حضرت خواجہ حبیب الرحمٰن جو حضرت قبلہ کے خلیفہ تھے' ان کے الفاظ سمجھ میں کم آرہے تھے اس طرح اس دوران ایک بڑا تعطل آگیا۔

پھر دوبارہ اس پر کام اس طرح شروع ہوا کہ فقیر ذوالفقار جونیجو نے اسرار کیا کہ آپ حضرت صاحب کا کلام مجھے دیں میں کمپوز کراتا ہوں، اس نے دل و جان سے محنت کی چونکہ وہ صاحب زبان نہ تھے جو کچھ لکھوا کر لائے تو اس میں بہت غلطیاں تھیں، جو درستگی میں آنے کے لئے دگنی محنت کرنا پڑتی، لہٰذا پھر کچھ تعطل ہوا۔ مگر اس دوران کافی تراکیب سوچتے رہے جو آگے چل کر بہت مفید ثابت ہوئیں۔

ایک دن فقیر عبدالرحیم نظامانی دربار غریب آباد آئے تو حضرت پیر مٹھاؒ کے اشعار پر تذکرہ ہوا تو اس نے خواہش کا اظہار کیا کہ میرے خدمات حاظر ہیں، آپ چند اشعار عنایت کریں میں کوشش کرتا ہوں تو چند دنوں میں وہ تھوڑا سا کام کر کے لائے جو ہمیں پہلے والے کام سے قدرے بہتر محسوس ہوا، میں نے حضرت صاحب کا بقیہ سارا مواد اس کو دے دیا، اس طرح اس پر باقاعدہ سے دوبارہ کام کا آغاز ہو گیا۔ اب جو کام وہ تھوڑا سا کر کے لے آتے تو ہم تصحیح کے لئے امی حضور سے رجوع کرتے کیونکہ آپ کو

حضرت صاحب کا بیشتر کلام بزبان یاد تھا، اس طرح جو حضرت صاحب کے کلام کی کتاب ہمارے پاس تھی وہ چند مہینوں میں کمپوز ہو گئی، پھر کچھ اور کاپیاں جس میں ایک میرے والد گرامی حضرت غلام فریدؒ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی، ایک اور کاپی جو حضرت قبلہ کے خطبات پر مشتمل تھی، پھر کچھ زبوں حال شکستہ تراشے، پرچے جو بھی حضرت صاحب کے ہاتھ کے لکھے ہوئے تھے جو محفوظ تھے، اس سے بھی کچھ مواد ملا، یوں حضرت صاحب کا اکثر کلام مبارک تحریر ہو گیا، اور بقایا کے لئے سندھ و پنجاب کے فقرا کی طرف رجوع کیا گیا، ایک آدھ نعت و کافی وہاں سے بھی موصول ہو گئی۔ چونکہ آپ کا کلام کا زیادہ تر حصہ سرائیکی زبان میں ہے اس لئے حضرت قبلہ سیدی و مرشدی فضل علی قریشیؒ کے نواسے اور سجادہ نشین حضرت سائیں رفیق احمد شاہ صاحب کو عرض کیا آپ نے کمال مہربانی فرمائی اور فوراً قبول کیا اور کچھ ہی دنوں میں غریب خانے پر تشریف لائے اور اس مسودے پر تصحیح کا کام شروع کر دیا، یہ کام توقع سے زیادہ دشوار تھا، دن رات کر کے کئی دنوں تک یہ کام ہوتا رہا، کیونکہ کئی کتابوں سے دیکھ دیکھ کر تصحیح کرنی ہوتی تھی، بہر حال اب تصحیح کا کام تقریباً مکمل ہو گیا تھا، اس عرصہ دوران فقیر نظامانی کا تبادلہ ہو گیا۔ (نظامانی فقیر کا اس مبارک کام کی برکت سے ترقی ہو گئی وہ کالیج میں لیکچرر ہو گئے، اور پھر مزید ترقی ہوئی تو وہ اسکالرشپ کے لئے سوئڈن چلے گئے) فقیر نظامانی کے جانے کی وجہ سے پھر تھوڑا سا وقفہ آ گیا۔

حضرت کرم اللہ الاہی غفاری، حضرت قبلہ پیر مٹھاؒ کی سوانح حیات کے سلسلے میں دربار غریب آباد پر تشریف لائے تو حضرت صاحب کے کلام پر گفتگو ہوئی تو آپ نے اپنی خدمات پیش کیں جو ہم نے فوراً قبول کر لیں اور جو مواد ہم نے ان کو دیا تھا وہ عربی رسم الخط میں تھا۔ اس کو تبدیل کر کے اردو رسم الخط میں کرنا تھا کیونکہ اردو رسم الخط سرائیکی سے ملتی جلتی ہے اور فقیر نظامانی نے ایک سرائیکی ویب سائیٹ سے سرائیکی فونٹ دریافت کیا تھا وہ بھی سائیں کرم اللہ کو دیے گئے اور بقیہ کچھ اشعار بھی کمپوز کرنے تھے، یہ سب کچھ آپ نے جلد ہی کر کے بھیج دیا۔ اب بہت حد تک اس کتاب پر کام ہو گیا

تھا پھر سے پوری کتاب والد ماجدہ کے سامنے مزید تصحیح کرائی گئی اور دوبارہ حضرت سائیں رفیق احمد شاہ نے پروف ریڈنگ کر دی، اس دوران سائیں کرم اللہ الاہی، حضرت قبلہؒ کے سوانح کے سلسلے میں ہماری توسل سے پنجاب حضرت صاحب کے رشتہ داروں کے پاس گئے تو وہاں سے بھی چند اشعار وغیرہ مل گئے تو وہ بھی ہم نے شامل کر لئے۔ اب یہ مکمل شدہ نسخہ فقیر اسماعیل کرمی سے دوبارہ کمپوز کرایا۔

ایک بات عرض کرتا چلوں کہ امی جان کو نانا حضورؒ کا کلام بزبان تو یاد تھا مگر آپ انہی کی آواز، لے، ترنم کے ساتھ پڑھتی ہیں تو ایک سماں بندھ جاتا ہے، اس طرح سُن سُن کے مجھے بھی کچھ یاد سا ہو گیا تھا، اب جو یہ دیوان غفاریہ کے بار بار مطالع سے یہ ناچیز گویہ حافظ دیوانِ غفاریہ ہو گیا ہے۔ الحمدللہ۔ میں سمجھتا تھا یہ کام بہت آسان ہے کلام جمع کرنا، تصحیح کرنی اور ترتیب واشاعت بس، اب جب کے دیوانِ غفاریہ پایہ تکمیل تک پہنچ گیا ہے، تو دیکھتا ہوں اور سوچتا ہوں تو مجھے یقین ہی نہیں آتا کہ واقعی یہ خدمات جو مجھے نصیب ہوئیں، یہ میں نے کس طرح مکمل کر دی ہیں۔ مسلسل قریباً رات بھر ایک مہینے سے کام ہو رہا ہے اور جس ادارہ سے یہ کتاب چھپوا رہے ہیں ان دوستوں کو بھی رات بھر جگائے رکھا، اور خود بھی بار بار کتاب پر نظر رکھی تاکہ کوئی غلطی نہ رہ جائے، قریباً سات مرتبہ خود میں نے تصحیح کی کیونکہ سرائیکی رسم الخط کی وجہ سے کمپوز کرنے پر کچھ نہ کچھ کمی بیشی ہو جاتی تھی، اس لئے ایک ایک لفظ پڑھ کر درست کرنا ہوتا تھا، جو میرے جیسے تساہل پسند شخص سے ممکن ہی نہ تھا یہ سب 'نا ناحضورؒ' کی عنایات کا تسلسل ہے، اور اللہ کرے کہ اس سلسلہ میں کبھی تعطل نہ آئے۔

یہ ناچیز آخر میں ان احباب و شخصیات کا تذکرہ ضروری سمجھتا ہے جنہوں نے اس عظیم کام میں معاونت فرمائی، ان میں سر فہرست سیدی و مرشدی محبوب سجن سائیں مدظلہ عالی ہیں آپ نے بار بار اس بندۂ ناکارہ کو ہمت دلائی اور دوران ترتیب و تصحیح میں رہنمائی کی، مزید اعلیٰ تجاویز سے نوزا اور آخر میں ایک انمول بے مثال الفاظات سے کتاب کی زینت بڑھائی، تادم تحریر وطباعت رابطہ میں رہے۔

حضرت قبلہ رفیق احمد شاہ صاحب دیوانِ غفاریہ کہ تصحیح کے سلسلہ میں کئی بار دربار غریب آباد تشریف لائے، بڑی محنت سے بہ احسن وخوبی اس کام کو انجام دیا، اور اپنی تاثرات سے بھی نوازا۔

میرے سر تاج عزیزم قبلہ سائیں عبد الغفار ثانی کا میں مشکور ہوں آپ سے کئی مرطبہ کتاب پر رہنمائی لی۔ آپ نے چند ایک نسخے نایاب عطا فرمائے اور اپنے تاثرات بھی قلم بند کئے۔ میں پوری جماعت غفاریہ کو درخواست کرتا ہوں کہ بارگاہ ایزدی میں آپ ان کے لئے دعاگو رہیں، اللہ انہیں صحت سلامتی عافیت عظمت اور درجات کی بلندی میں اضافہ فرمائے۔ آمین۔

میں حضرت سردار سید سادات سائیں غلام حسین شاہ بادشاہ کا نہایت مشکور ہوں آپ ہمیشہ مجھ پر مہربان رہے، ہر مشکل وقت میں آپ نے ساتھ دیا آپ حضرت پیر مٹھاؒ کے عاشق صادق ہیں، آپ حضرت صاحب کا کلام اکثر دربار پر پُر سوز انداز میں پڑھواتے رہتے ہیں۔

میں ممنوں ہوں سائیں کرم اللہ الاہی کا جنہوں نے دیوانِ غفاریہ پر بنیادی معاونت فرمائی، اور چند نسخے نایاب عطا کئے، ہم انہیں ہمیشہ یاد رکھتے ہیں۔

اور مشکور ہوں برادرم سائیں حضور بخش کا جنہوں نے آخر میں اشاعت کے سلسلہ میں بہت تعاون فرمایا، اور آپ نے ایک محبت نامہ بھی ارسال کیا کیونکہ وہ ہم سے بہت محبت کرتے ہیں۔

میں قارئین سے عرض گذار ہوں اگر کہیں کمی بیشی نظر آئے تو لازماً مطلع فرمائیں اور ہمیشہ اس فقیر کو اپنی دعائوں میں یاد رکھیں۔

ناچیز دیدۂ دل غفاری طاہری

سوانح حیات حضرت پیر مٹھا سائین

الحمد للہ رب العالمین، والصلاۃ والسلام علیٰ اشرف الانبیاءِ والمرسلین،
وعلیٰ آلہ وصحبہ اجمعین وبعد:

پیرِ طریقت، آفتابِ ولایت، قطبِ عالم غوث زمان سیدی ومرشدی حضرت خواجہ محمد عبد الغفار عرف پیر مٹھا رحمت اللہ علیہ کی نورانی شخصیت محتاجِ تعارف نہیں۔ آپ عالم، عابد وزاھد، متقی تھے۔ آپ نہ صرف عاشقِ خدا اور صوفی باصفا تھے بلکہ جید عالمِ دین، مفسر، محدث اور فقیہ بھی تھے۔
آپ علمبردارِ عشقِ رسول تھے۔ قافلہ عُشاق کے سالار تھے۔ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے تاجدار تھے۔ ظاھری وباطنی علوم کے مجمع البحار تھے۔ اپنی نورانی نگاہوں سے لاکھوں دلوں کو ذکر الٰہی سے سرشار کیا۔ لاکھوں انسانوں کی زندگیوں کو بدل کر رکھ دیا۔ سندھ کی فضا اللہ اللہ کی ضربوں سے گونج اٹھی۔

خانوادہ پیر مٹھا سائیں رحمت اللہ علیہ

قطبِ عالم حضرت پیر مٹھا سائیں رحمت اللہ علیہ کا تعلق برصغیر کے معزز و محترم گھرانے چنڑ قبیلہ سے تھا۔ آپ کا نسب سولہ واسطوں سے قطب الاولیاء حضرت مخدوم عماد الدین عرف چنن پیر یا چنڑ پیر رحمت اللہ علیہ کے بھائی محمد اویس رحمۃ اللہ علیہ سے ملتا ہے، جن کی مزار صوبہ پنجاب کے شہر بھاولپور کے جنوب مشرق میں چالیس کلومیٹر کے فاصلہ پر ریگستانی علائقہ میں ریت کے ایک ٹیلے پر واقع ہے۔ آپ پنجاب کے بھٹائی تھے کیونکہ آپ کا مزار ایک بھٹ پر واقع ہے۔ آپ بڑے پایہ کے ولی اللہ تھے۔
حضرت مخدوم چنڑ پیر کے خانوادہ میں سے کچھ افراد بستی لنگر میں آکر قیام پذیر ہوئے جو ضلع ملتان کے تحصیل جلالپور پیروالا کے قریب واقع ہے۔ ماضی میں یہ علائقہ دو دریاؤں چناب اور ستلج کے درمیان ہونے کی

وجہ سے دھلی اور ایران کی آبی گذر گاہ تھی۔ یہ علائقہ اپنی تہذیب تمدن کے اعتبار سے بڑی قدیم اور سلجھی ہوئی تہذیبوں میں شمار ہوتا ہے۔ اس علائقہ کو سرائیکی وسیب بھی کہتے ہیں۔ یہاں کے لوگ طبعاً سخی فیاض مہمان نواز ہیں ان کی زبان سرائیکی ہے۔ یہاں کی زمینیں بڑی سرسبز وشاداب ہیں۔

ابو العلماء حضرت مولانا یار محمد رحمۃ اللہ علیہ

علم و معرفت فقر و درویشی حضرت چنن پیر رحمۃ اللہ علیہ کے اس خاندان کا علمی ورثہ تھا۔ آپ کی پندرھویں پشت میں ایک خوشنصیب فرد پیدا ہوا جس کا نام یار محمد تھا۔ رب قدیر نے ان کو علمی و روحانی دولت سے مزین فرمایا تھا۔ آپ کتب کثیرہ کے مصنف اور مولف بھی تھے۔ معراج نامہ، رسالہ نصیحت، چھل حدیث، قصص الانبیاء وغیرہ ان کی قلمی کاوش تھی۔

حضرت مولانا یار محمد رحمۃ اللہ علیہ کی شادی اپنے ہی خاندان کی ایک عابدہ زاہدہ بی بی من بھانونی سے ہوئی جن کے بطن مبارک سے انہیں چار فرزند پیدا ہوئے۔ 1۔ مولانا محمد اشرف 2۔ مولانا عبد الرحمٰن 3۔ مولانا حضرت پیر عبد الغفار پیر مٹھا سائیں 4۔ مولانا عبد الستار چاروں بھائی عالم و فاضل تھے۔

ولادت باسعادت

